ضروری گذارشات

خریداران ونامہ نگاران محدث کی خدمات میں چند نہایت ضروری باتیں پیش کی جاتی ہیں ازراہ عنایت توجہ سے پڑھیں اور عمل فرماکر ہمیں شکریہ کا موقع دیں۔

(۱) بارہا لکھا گیا کہ خریدار حضرات اپنا چٹ نمبر ضرور لکھا کریں لیکن بعض حضرات یا تو لکھتے ہی نہیں یا لکھتے ہیں تو غلط لکھ دیتے ہیں جس کی وجہ سے مجبوراً شکایت رفع نہیں ہوسکتی ہے تو یہ لوگ کارکنان دفتر سے بدگمانیاں کرکے سخت کلامی سے پیش آتے ہیں حالانکہ اس میں ہمارا کوئی قصور نہیں۔

(۲) پتے جب صاف اور خوشخط نہیں ہوتے تو غلط لکھے جانے کی وجہ سے ہر مہینے میں بہت سے رسالے واپس آجاتے ہیں۔ اور پھر شکایتیں آتی ہیں کہ پرچہ نہیں پہنچا اس لئے پتے نہایت صاف خوشخط اور واضح کرکے لکھے جائیں ورنہ ہم کو معذور جانیں۔

(۳) پتہ کی تبدیلی کی اطلاع دفتر میں بھیجنے سے بہتر یہ ہے کہ اپنے یہاں کے ڈاکخانہ میں لکھدیا کریں کہ میری ڈاک فلاں پتے پر آنی چاہیے۔

(۴) بعض حضرات نظمیں بھیجکر ہمیں بار بار اشاعت کی تاکید کرتے ہیں حالانکہ ان میں فنی سقم کے علاوہ، معنوی، وشرعی حیثیت سے بھی بعض ایسے عیوب ہوتے ہیں جن کی بنا پر ہم ان کو شائع نہیں کرسکتے۔ اس لئے شعرائے کرام سے درخواست ہے کہ وہ ہمارے پاس ایسی نظمیں بھیجیں جن میں کذب بیانیاں اور غلط مبالغہ آمیزیاں بھی نہ ہوں اور فن عروض کا بھی پورا لحاظ کیا گیا ہو۔

(۵) مضامین صرف ایک ہی طرف لکھے جائیں اور بین السطور کا بھی ضرور لحاظ کیا جائے۔

(۶) ٹکٹ ہمیشہ پیسے والے بھیجیں۔

(۷) رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع ۱۰ر تاریخ تک آجانی چاہیے۔

(۸) مضامین کی عبارت سہل اور عام فہم ہونی چاہیے۔

(۹) مضامین میں جو عربی عبارات نقل کی جائیں ان کا صحیح اور سلیس ترجمہ ضرور کردینا چاہیے۔

(۱۰) اگر کوئی صاحب سید سالار مسعود غازیؒ کے مستند حالات اور جنگی کارنامے وغیرہ لکھکر اخیر مارچ تک بھیجدیں تو ہم انھیں شکریہ کے ساتھ شائع کردیں گے۔

جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب پروپرائٹر وپبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپواکر دفتر رسالہ محدث دارالحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا